بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۱/۲۰۱۸ مورخہ۲۶/فروری ۲۰۲۰

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان،کوئٹہ۔

موضوع = قرارداد نمبر ۵۶ ۔

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس ۲۱/فروری ۲۰۲۰ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر ۵۶ منجانب نصراللہ خان زیرے، رکن اسمبلی برائے اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ کے قاعدہ نمبر (۲) ۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قرارداد

ہرگاہ کہ کوئٹہ ڈولیپمنٹ اتھارٹی کی جانب سے ۲۰۱۲ میں سرہ غڑگئی کے مقام زرغون ہاوسنگ اسکیم شروع کرنے کا اعلان کیا گیا تھا جسے گزرے آٹھ سالوں کا عرصہ مکمل ہو چکا ہے حکومت کو مذکورہ اسکیم سے اب تک کروڑوں کی آمدن بھی حاصل ہوئی ہے لیکن تاحال مذکورہ اسکیم غیر فعال ہے اور زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم بھی ہے جسکی وجہ سے الاٹیز بے چینی اور مایوسی کا شکار ہیں ۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ زرغون ہاوسنگ اسکیم کے جلد از جلد فعال کرنے کو یقینی بنائے تاکہ عوام کا سرکاری ہاوسنگ اسکیم پر اعتماد بحال ہو اور ان میں پائی جانیوالی بے چینی اور مایوسی کا خاتمہ بھی ممکن ہو۔

(صفدر حُسین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت نصراللہ خان زیرے **رکن اسمبلی/محرک قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات)، حکومت بلوچستان کوئٹہ۔
۷) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) چیئرمین کیوڈی اے، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔سندھ، کراچی۔خیبر پختونخوا، پشاور۔قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان۔

〈قادر بخش شاہوانی〉

شریک معتمد، (سوالات)